احمد فرازؔ (سید احمد شاہ)

- پیدائش : ۱۹۳۱ء کوہاٹ
- وفات : ۲۰۰۸ء اسلام آباد
- تصانیف : جاناں جاناں، تنہا تنہا، درد آشوب، شب خون، خوابِ گل پریشاں ہے، میرے خواب ریزہ ریزہ، غزل بہانہ کروں۔

غزل

حاصلاتِ تعلُّم: یہ نظم پڑھ کر طلبہ : (۱)کسی منظوم تحریر پر استحسانی گفتگو کرسکیں۔ (۲)منظوم اصناف کے طرزِ بیان سے آگاہ ہوسکیں۔ (۳)کسی شعری فن پارے کی اصطلاحات کی شناخت کرسکیں۔

دوست بن کر بھی نہیں ساتھ نبھانے والا
وہی انداز ہے ظالم کا زمانے والا

اب اسے لوگ سمجھتے ہیں گرفتار مِرا
سخت نادم ہے مجھے دام میں لانے والا

کیا کہیں کتنے مراسم تھے ہمارے، اس سے
وہ جو اک شخص ہے منھ پھیر کے جانے والا

میں نے دیکھا ہے بہاروں میں چمن کو جلتے
ہے کوئی خواب کی تعبیر بتانے والا ؟

تم تکلّف کو بھی اِخلاص سمجھتے ہو فرازؔ
دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ مِلانے والا

مشق

سوال نمبر۱ : درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

(۱)سن بستیوں کا حال جو حد سے گزر گئیں ۔۔۔۔ ان امتوں کا ذکر جو رستوں میں مرگئیں
(۲) کیا باب تھے یہاں جو صدا سے نہیں کھلے ۔۔۔۔ کیسی دعائیں تھیں جو یہاں بے اثر گئیں

(۳)میں نے دیکھا ہے بہاروں میں چمن کو جلتے ۔۔۔۔ ہے کوئی خواب کی تعبیر بتانے والا
(۴)تم تکلف کو بھی اخلاص سمجھتے ہو فرازؔ ۔۔۔۔ دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا

سوال نمبر۲: درج ذیل الفاظ و محاورات کے مفہوم کی وضاحت کیجیے:

بُرج	زد میں آنا	زرفشانی	دام میں لانا	منھ پھیر کے جانا

سوال نمبر۳: دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

(۱) صَرصَر ایک ہوا ہے جو چلتی ہے:
(الف)جنگل میں (ب)سمندر پر (ج)صحراؤں میں (د)دریاؤں میں

(۲) لفظ "بہار اور چمن" ایک دوسرے کے ہیں:
(الف)مترادف (ب)مخالف (ج)متبادل (د)رعایتِ لفظی

(۳) تکلف، اخلاص، دوست۔ ان لفظوں کے لیے یہ صنعت ہوتی ہے:
(الف)تضاد (ب)رعایت لفظی (ج)مبالغہ (د)تلمیح

(۴) منیر نیازی کی غزل میں قافیے کے طور پر استعمال ہوا ہے:
(الف)گئیں (ب)منیر (ج)کر (د)صَرصَر

(۵) منیر نیازی کی غزل کے مطلع میں لفظ استعمال ہوا ہے:
(الف)ذکر (ب)صَرصَر (ج)نگر (د)زر

سرگرمیاں

- طلبہ گروپوں کی شکل میں تقسیم ہو کر یہ دونوں غزلیں زیر بحث لائیں گے اور ان میں خوبیاں تلاش کرکے جماعت میں پیش کریں گے۔
- طلبہ لائبریری یا اخبارات سے مختلف ہیئت کی نظمیں یا غزلیں لکھ کر لائیں گے اور معلّم/معلّمہ کو دکھائیں گے۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کی سرگرمیوں میں ان کی رہ نمائی کیجیے اور مختلف شعری فن پاروں کی اصطلاحات کا تعارف کرائیے۔